# سبق (۵)

## اسلامی معلومات

| سوال | جواب |
|---|---|
| آپ کو کس نے پیدا کیا | اللہ تعالیٰ نے |
| آپ کو کون کھلاتا ہے | اللہ تعالیٰ |
| آپ کون ہیں | مسلمان |
| آپ کا دین کیا ہے | اسلام |
| آپ کس کی اُمت میں ہیں | حضرت محمد ﷺ کی |
| آپ کس کو پوجتے ہیں | اللہ تعالیٰ کو |
| حضرت محمد ﷺ کب اور کہاں | ۲۲/اپریل ۵۷۱ء کو |
| پیدا ہوئے | مکہ شریف میں |
| حضور ﷺ کے والد کا کب اور کہاں | حضور ﷺ کی ولادت سے چند مہینے |
| انتقال ہوا۔ | قبل مدینہ میں۔ |

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کی والدہ کا کب اور کہاں انتقال ہوا | ۵۷۵ء کو ابواء میں جو کہ مدینہ میں واقع ہے۔ |
| حضور ﷺ کے والد کا نام بتاؤ۔ | خواجہ عبداللہ |
| حضور ﷺ کے والد کب اور کہاں پیدا ہوئے۔ | ۵۵۳ء میں مکہ شریف میں |
| حضور ﷺ کے والد نے کتنی عمر پائی | اٹھارہ سال |
| حضور ﷺ کے دادا کا نام بتاؤ | خواجہ عبدالمطلب |
| حضور ﷺ کے پردادا کا نام بتاؤ | ہاشم بن عبدمناف |
| حضور ﷺ کی والدہ کا نام بتاؤ | بی بی آمنہ |
| حضور ﷺ کی نانی کا نام بتاؤ | بَرّہ بنت عبدالعزیٰ |
| حضور ﷺ کے نانا کا نام بتاؤ | عبدالعزی |
| حضور ﷺ کی دادی کا نام بتاؤ | فاطمہ بنت عمر بن عائد |
| حضور ﷺ کی پردادی کا نام بتاؤ | سلمیٰ بنت عمرو |
| حضور ﷺ نے کس دائی کا دودھ پیا | دائی حلیمہ سعدیہؓ |
| حضور ﷺ کی پہلی بیوی کا نام بتاؤ | حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ |

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کی کتنی بیویاں تھیں | گیارہ (۱۱) |
| حضور ﷺ کی چہیتی بیوی کا نام بتاؤ | حضرت عائشہ صدیقہؓ |
| حضرت خدیجہؓ نے کتنی عمر پائی | ۶۵/سال |
| حضرت سودہؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۷۲/سال |
| حضرت عائشہؓ نے کتنی عمر پائی | ۷۰/سال |
| حضرت حفصہؓ نے کتنی عمر پائی | ۵۹/سال |
| حضرت زینب بنت خزیمہؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۳۰/سال |
| حضرت ام سلمہؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۸۴/سال |
| حضرت زینب بنت جحشؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۵۱/سال |
| حضرت جویریہؓ نے کتنی عمر پائی | ۷۱/سال |
| حضرت اُم حبیبہؓ نے کتنی عمر پائی | ۷۴/سال |
| حضرت صفیہؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۵۰/سال |
| حضرت میمونہؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۸۰/سال |
| حضرت ماریہ قبطیہؓ کی کتنی عمر ہوئی | سنہ ۱۶ھ میں انتقال ہوا |

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کے کتنے لڑکے تھے | تین ۔ ابراہیمؓ، قاسمؓ، عبداللہؓ |
| فرزند ابراہیمؓ کتنے دنوں تک زندہ رہے | ۱۷؍ یا ۱۸؍ ماہ بقول عائشہؓ |
| فرزند قاسمؓ کتنے دنوں تک زندہ رہے | ۲؍ سال |
| فرزند عبداللہؓ کتنے دنوں تک زندہ رہے | چند دنوں |
| حضور ﷺ کی محبوب بیٹی کا نام بتاؤ | حضرت زینبؓ |
| حضور ﷺ کی افضل بیٹی کا نام بتاؤ | حضرت فاطمہؓ |
| حضور ﷺ نے سید الشہداء کس کو فرمایا | اپنے چچا امیر حمزہؓ کو |
| حضور ﷺ کے کتنے چچا تھے | نو (۹) |
| حضور ﷺ کی کتنی پھوپھیاں تھیں | چھ (۶) |
| حضور ﷺ نے کہاں مراقبہ کیا | غار حرا میں |
| غار حرا مکہ سے کتنی دوری پر واقع ہے | تقریباً تین میل |
| پہلی وحی کہاں اور کب نازل ہوئی | غار حرا میں ۱۸؍ رمضان مطابق ۱۷؍ اگست سنہ ۶۱۰ء جمعہ کی شب میں |

| | |
|---|---|
| سب سے پہلی نماز کہاں اور کس کی امامت میں پڑھی | غار حرا کے باہر حضرت جبرئیلؑ کی امامت میں |
| حضور ﷺ کو کب نبوت ملی | چالیس سال کی عمر میں |
| غار ثور مکہ سے کتنی دوری پر واقع ہے | تقریباً چھ میل |
| حضور ﷺ پر پہلی وحی کون سی نازل ہوئی۔ | سورۃ علق کی ابتدائی آیتیں |
| حضور ﷺ پر کون سی کتاب نازل ہوئی | قرآن شریف |
| معراج کس سنہ میں ہوئی | ۲۷/رجب سنہ ۱۰ نبوی بروز دوشنبہ بوقت شب |
| قرآن میں کتنے پارے ہیں | تیس پارے (۳۰) |
| قرآن میں کتنی سورتیں ہیں | ایک سو چودہ (۱۱۴) |
| قرآن میں کتنے رکوع ہیں | پانچ سو چالیس (۵۴۰) |
| قرآن میں کتنے سجدے ہیں | چودہ (۱۴) |
| قرآن میں کتنی منزلیں ہیں | سات (۷) |

| | |
|---|---|
| قرآن میں کتنے حروف ہیں | ۳۲۲۶۰۰ |
| قرآن میں کتنی آیتیں ہیں | چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) |
| قرآن کتنے سالوں میں نازل ہوا | ۲۳ر سال میں |
| قرآن کا موضوع کیا ہے | انسان کی بھلائی |
| اہم کاتب وحی کا نام بتاؤ | فقیہ امت حضرت امیر معاویہؓ |
| مکہ میں اسلامی سینٹر کہاں قائم کیا گیا | حضرت ارقمؓ کے گھر پر |
| حضور ﷺ نے مکہ میں نبوت کے بعد کتنے دنوں قیام فرمایا | تیرہ سال (۱۳) |
| نماز کب اور کہاں فرض ہوئی | ۲۷ر رجب ۱۰ر نبوی بروز دوشنبہ |
| حضور ﷺ نے سب سے پہلی نماز کون سی اور کس کے ساتھ پڑھی | فجر کی نماز حضرت خدیجہؓ کے ساتھ |
| حضور ﷺ نے کیوں ہجرت کی | جب کفار مشرکین نے ظلم کی حد کردی |
| مکہ چھوڑنے سے قبل آپ کس کے گھر گئے۔ | اپنے محبوب حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس۔ |

| | |
|---|---|
| پہلا جمعہ کہاں فرض ہوا | مقام قبا میں |
| پہلا جمعہ کب اور کہاں پڑھا گیا | ۱۴/ ربیع الاوّل ۱ھ ۲۴/ ستمبر ۶۲۲ء بنی سالم کے محلہ میں۔ |
| پہلے جمعہ میں کتنے مسلمانوں نے شرکت فرمائی۔ | سو مسلمانوں نے۔ |
| مسجد نبوی کی بنیاد کب اور کس نے رکھی | حضور ﷺ نے ۱ھ میں۔ |
| حضور ﷺ کی آمد سے پہلے مدینہ کا کیا نام تھا۔ | یثرب |
| مدینہ نام کس نے رکھا | حضور ﷺ نے۔ |
| حضور ﷺ سب سے پہلے کہاں مقیم ہوئے | حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مکان پر |
| عید الفطر کی نماز کب فرض ہوئی | یکم شوال ۲ھ میں |
| اذان سب سے پہلے کس نے سنائی | حضرت عبداللہ بن زید انصاریؓ |
| سب سے پہلے کب اور کس نے اذان دی | حضرت بلالؓ نے ۲ھ کو |
| تیمّم کب فرض ہوا | ۵ھ |

| | |
|---|---|
| روزہ کب فرض ہوا۔ | سنہ ٢ھ |
| حج کب فرض ہوا | سنہ ١٠ھ |
| مکہ شریف کب فتح ہوا | سنہ ٨ھ |
| حضرت بلالؓ کا کب انتقال ہوا | ٦٤/سال کی عمر میں سنہ ٢٠ھ |
| حضور ﷺ کے کتنے نواسے تھے | پانچ، علیؓ، حسنؓ، حسینؓ، محسنؓ، عبداللہؓ |
| حضور ﷺ کی کتنی نواسیاں تھیں | چار۔ امامہؓ، فاطمہؓ، زینبؓ، کبریٰؓ، ام کلثوم کبریٰؓ |
| حضور ﷺ کے محبوب نواسوں کے نام بتاؤ | حسنؓ، حسینؓ۔ |
| کس نواسے کو کاندھے پر بٹھا کر کعبہ سے بت ہٹائے۔ | علی بن العاص |
| حضور ﷺ کی علالت کب اور کیسے شروع ہوئی۔ | ١٨/یا ١٩/صفر سنہ ١١ھ سر میں شدید درد کے ساتھ ہوئی۔ |
| حضور ﷺ کا کب انتقال ہوا | ١٢/ربیع الاوّل سنہ ١١ھ/٨/جون سنہ ٦٣٢ء |

| | |
|---|---|
| حضور ﷺ کی کتنی عمر ہوئی | ۶۳ سال چار دن یعنی ۲۲۳۳۰ دن چھ گھنٹہ |
| حضور ﷺ کو کن لوگوں نے غسل دیا | علیؓ و عباسؓ کے دونوں بیٹے قیم اور فضل جسم مبارک کو کروٹیں دے رہے تھے اسامہ اور شقران پانی ڈال رہے تھے۔ |
| حضور ﷺ کی قبر کس نے تیار کی | حضرت طلحہؓ نے |
| حضور ﷺ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی | جماعت سے نماز نہیں ہوئی |
| حضور ﷺ کو قبر میں کن لوگوں نے اتارا | حضرت علیؓ، عباس بن عبد المطلبؓ، فضل بن عباسؓ، عبد الرحمٰن بن عوفؓ |
| حضور ﷺ کو کہاں دفن کیا گیا | حجرۂ عائشہؓ (گبند خضریٰ) میں |
| تبلیغ مدت نبوت کیا ہے | ۸۱۵۶ دن |
| پہلے مسلم مرد کا نام بتاؤ | حضرت ابوبکر صدیقؓ |
| پہلی مسلم عورت کا نام بتاؤ | حضرت خدیجہؓ |

| | |
|---|---|
| پہلے مسلم بچے کا نام بتاؤ | حضرت علیؓ |
| پہلے مسلم غلام کا نام بتاؤ | حضرت بلالؓ |
| حضور ﷺ کے بعد افضل صحابی کا نام بتاؤ۔ | ابو بکر صدیقؓ |
| ابو بکرؓ کا اسلام سے پہلے کیا نام تھا | عبد الکعبہ |
| ابو بکرؓ کا اسلام کے بعد کیا نام رکھا گیا | عبد اللہ |
| آپؓ کی کنیت کیا تھی | ابو بکرؓ |
| ابو بکرؓ کے والد کا نام بتاؤ | عثمان بن عامرؓ |
| ابو بکرؓ کی والدہ کا نام بتاؤ | سلمیٰؓ |
| آپؓ کے والد کی کنیت کیا تھی | ابو قحافہؓ |
| ابو بکرؓ کے نانا کا نام بتاؤ | صخر بن عامرؓ |
| ابو بکرؓ کی نانی کا نام بتاؤ | ضخر بن عامرؓ |
| ابو بکرؓ کے دادا کا نام بتاؤ | عامر بن عمرؓ |
| آپؓ کے پردادا کا نام بتاؤ | عمر بن کعب |
| ابو بکرؓ کی کتنی بیویاں تھیں | چار (۴) |

| | |
|---|---|
| ابو بکرؓ کے کتنے بچے تھے | تین ۔ عبداللہؓ، عبدالرحمٰنؓ، محمدؒ |
| ابو بکرؓ کی کتنی بچیاں تھیں | عائشہؓ، اسماءؓ، ام کلثومؓ |
| ابو بکرؓ کب خلیفہ بنائے گئے | ۱۲/ ربیع الاوّل ۱۱ھ<br>۷/ جون ۶۳۲ء |
| ابو بکرؓ کتنے دنوں خلیفہ رہے | ۲/ سال، ۳ ماہ، گیارہ دن |
| ابو بکرؓ کا کب انتقال ہوا | ۲۲/ جمادی الثانی ۱۳ھ<br>۲۳/ اگست ۶۳۴ء |
| ابو بکرؓ کا کہاں انتقال ہوا | مدینہ شریف میں |
| ابو بکرؓ کی کتنی عمر ہوئی | تریسٹھ سال (۶۳) |
| ابو بکرؓ کو کس نے غسل دیا | آپ کی بیوی اسماء بنت عمیسؓ نے |
| ابو بکرؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی | حضرت عمرؓ نے |
| ابو بکرؓ کو کہاں دفن کیا گیا | گنبد خضریٰ میں حضور ﷺ کے بائیں جانب |
| ابو بکرؓ کو کن لوگوں نے قبر میں اتارا | عمرؓ، عثمانؓ طلحہؓ، اور عبداللہ بن ابی عمرؓ |

| | |
|---|---|
| ابوبکرؓ کے بعد افضل ترین صحابی کون تھے | حضرت عمر فاروقؓ |
| عمرؓ کب اسلام لائے | نبوت کے چھٹے سال |
| عمرؓ کے والد کا نام بتاؤ | خطاب بن نفیلؓ |
| عمرؓ کی والدہ کا نام بتاؤ | خنتمہؓ |
| عمرؓ کے کتنے بچے تھے | سات (۷) |
| عمرؓ کی کتنی بچیاں تھیں | چار (۴) |
| ابوبکرؓ کے بعد کون خلیفہ بنائے گئے | حضرت عمر فاروقؓ |
| عمرؓ کے دادا کا نام بتاؤ | نفیل |
| عمرؓ کے نانا کا نام بتاؤ | ہشام بن مغیرہ |
| عمر کی کتنی بیویاں تھیں | چھ جو یکے بعد دیگرے عقد میں آئیں |
| عمرؓ کب خلیفہ بنائے گئے | ۲۳/ جمادی الثانی ۱۳ سنہ ھ<br>۲۴/ اگست ۶۳۴ سنہ ء |
| عمرؓ پر قاتلانہ حملہ کب ہوا | ۲۶/ ذی الحجہ ۲۳ سنہ ھ بروز بدھ<br>یکم نومبر ۶۴۴ سنہ ء |

| | |
|---|---|
| عمرؓ کی کب شہادت ہوئی | یکم محرم سنہ ۲۲ ھ بروز سنیچر ۶ر نومبر سنہ ۶۴۴ ء |
| عمرؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی | حضرت صہیبؓ |
| عمرؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۶۳ر سال |
| عمرؓ کو کن لوگوں نے قبر میں اتارا | علیؓ، عثمانؓ، طلحہؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ، سعد بن وقاصؓ |
| عمرؓ کتنے دنوں خلیفہ رہے | دس سال چھ ماہ چار دن |
| عمرؓ کے بعد افضل صحابی کا نام بتاؤ | عثمان بن عفانؓ |
| تیسرے خلیفہ کا نام بتاؤ | عثمان بن عفانؓ |
| عثمانؓ کے والد کا نام بتاؤ | عفان بن عاصؓ |
| عثمانؓ کے دادا کا نام بتاؤ | عاص بن امیہؓ |
| عثمانؓ کی والدہ کا نام بتاؤ | اردا بنت کرنیزؓ |
| عثمانؓ کی کتنی بیویاں تھیں | آٹھ۔ جو یکے بعد دیگرے عقد میں آئیں |
| عثمانؓ کے کتنے بچے تھے | گیارہ (۱۱) |

| | |
|---|---|
| عثمانؓ کی کتنی بچیاں تھیں | چھ(٦) |
| عثمانؓ کو دشمنوں نے کتنے دنوں گھیرے رکھا | چالیس دن |
| عثمانؓ کوکس نے شہید کیا | سوان بن حمران |
| عثمانؓ کتنے دنوں خلیفہ رہے | گیارہ سال گیارہ ماہ اٹھارہ دن |
| عثمانؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۸۲/سال |
| عثمانؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی | حضرت جبیر بن مطعمؓ |
| عثمانؓ کوکہاں دفن کیا گیا | جنت البقیع کے حش کوکب میں |
| عثمانؓ کب شہید ہوئے | ۱۸/ذی الحجہ ۳۵ھ<br>۷/جون ۶۵۶ء |
| عثمانؓ کے بعد افضل صحابی کون تھے | حضرت علیؓ |
| چوتھے خلیفہ کا نام بتاؤ | حضرت علیؓ بن ابی طالب |
| حضرت علیؓ کا آپکے والد نے کیانام رکھا | زید |
| حضرت علیؓ کا آپکی والدہ نے کیانام رکھا | اسد |

| | |
|---|---|
| علیؓ نام کس نے رکھا | حضور ﷺ نے |
| علیؓ کی والدہ کا کیا نام تھا | فاطمہ بنت اسد |
| علیؓ کے نانا کا کیا نام تھا | اسد بن ہاشم |
| علیؓ کے دادا کا کیا نام تھا | خواجہ عبدالمطلب |
| علیؓ کی کتنی بیویاں تھیں | نو (۹) |
| علیؓ کے کتنے بچے تھے | تیرہ (۱۳) |
| علیؓ کی کتنی بچیاں تھیں | چودہ (۱۴) |
| علیؓ کب خلیفہ بنائے گئے | ۱۸/ذی الحجہ ۳۵ھ<br>۱۷/جون ۶۵۶ء |
| علیؓ کو کس نے شہید کیا | ابن ملجم نے |
| علیؓ کی کب شہادت ہوئی | ۲۱/رمضان ۴۰ھ<br>۲۸/جنوری ۶۶۱ء |
| علیؓ کو کہاں دفن کیا گیا | کوفہ کی نا معلوم جگہ نجف میں |
| علیؓ کتنے دنوں خلیفہ رہے | چار سال نو ماہ |

| | |
|---|---|
| علیؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۶۰/ یا ۶۱/ سال |
| علیؓ کو کس نے غسل دیا | حسنؓ، حسینؓ، عبداللہ بن جعفر نے |
| علیؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی | حضرت حسنؓ |
| خلافتِ راشدہ کی کل مدت کتنی ہے | ۲۹/ سال، ۱۱/ ماہ، ۲۴/ دن |
| حضرت حسنؓ کی ولادت کب ہوئی | ۱۵/ رمضان ۳ھ |
| حضرت حسنؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۴۷/ سال |
| حضرت حسن کا کب انتقال ہوا | ۵۰ھ میں |
| حضرت حسنؓ کتنے دنوں خلیفہ رہے | سات مہینہ |
| حضرت حسینؓ کب پیدا ہوئے | ۵/ شوال ۴ھ |
| حضرت حسینؓ کی کتنی عمر ہوئی | ۵۷/ سال |
| حسینؓ کب اور کہاں شہید کئے گئے | ۱۰/ محرم یوم جمعہ ۶۱ھ مقام طف کربلا |
| حسینؓ کو کن لوگوں نے شہید کیا | شمر ذوالجوشن اور خولی بن یزید اصجی |
| آسمانی کتابیں کتنی ہیں | چار (۴) |
| توریت کس پر نازل ہوئی | حضرت موسیٰ پر |

| | |
|---|---|
| زبور کس پر نازل ہوئی | حضرت داوٗدؑ پر |
| انجیل کس پر نازل ہوئی | حضرت عیسیٰؑ پر |
| قرآن مجید | حضور ﷺ پر |
| مقرب فرشتے کتنے ہیں | چار۔ جبرئیل، میکائیل، اسرافیل عزرائیل |
| جبرئیل کس کام پر مامور تھے | خدائی احکام لانے پر |
| میکائیل کس کام پر مامور ہیں | رزق بانٹنے پر |
| اسرافیل کس کام پر مامور ہیں | صور پھونکنے پر |
| عزرائیل کس کام پر مامور ہیں | لوگوں کی جان نکالنے پر |
| فقہ کے مشہور امام کتنے ہیں | چار۔ ابوحنیفہؒ، شافعیؒ احمد بن حنبلؒ، مالکؒ۔ |
| اسلام کے بنیادی اصول کیا ہیں | توحید، رسالت، آخرت۔ |

☆☆☆